گنج الاسرار

مُصنفہ حضرت نوشہ گنج بخش قادری قدس سرہٗ

مرتبہ : سیّد شرافت نوشاہی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ

گنج الاسرار

از تصنیف لطیف

شہسوار میدان ہویت۔ شاہباز اوج احدیت۔ مرکز دائرہ توحید۔
قطب فلک تجرید۔ زبدۂ اہل بیت مصطفویہ۔ خلاصہ آل مرتضویہ۔
سلطان العاشقین۔ برہان العارفین۔ شمس الاولیا۔ بدر الاصفیاء۔
مقبول درگاہ رسول الثقلین۔ حاجی الحرمین الشریفین۔ شیخ الاسلام
حضرت سیّد حافظ شاہ حاجی محمّد نوشہ گنج بخش مجدد اکبر علوی
قادری ساہنپالوی قدس سرہ العزیز
(المتوفی ۸ ربیع الاول ۱۰۶۴ھ)

بہ ترتیب و تصحیح و تحشیہ

مولانا سید ابوالظفر شریف احمد شرافت نوشاہی ساہنپالوی مدظلہ العالی

ناشر

انجمن سادات نوشاہیہ ساہنپال شریف ڈاکخانہ ٹھٹھہ عالیہ
ضلع گجرات (مغربی پاکستان)

ناشر

انجمن سادات نوشاہیہ۔ ساہن پال شریف ضلع گجرات

ترتیب و تصحیح ۱۳۷۳ھ

تکمیل و اضافہ حواشی ۱۳۸۳ھ

اشاعت ۱۳۸۴ھ

فی جلد ایکروپیہ

مندرجہ ذیل پتوں سے کتاب ہذا طلب فرماویں

(۱) مکتبہ نوشاہیہ ساہنپال شریف ڈاکخانہ خطہ عالیہ ضلع گجرات

(۲) مولوی شمس الدین تاجر کتب زیر مسلم مسجد لوہاری گیٹ لاہور

(۳) دار الاشاعت علوم اسلامیہ حسین آگاہی ملتان شہر

مطبوعہ
استقلال پریس لاہور باہتمام ظہیر الدین پرنٹر
انارکلی لاہور

فہرست مضامین کتاب گنج الاسرار

پیش لفظ

از جناب پروفیسر محمد شجاع الدین صاحب صدر شعبۂ تاریخ دیال سنگھ کالج لاہور

اللہ جزائے خیر دے جناب حکیم محمد موسےٰ امرتسری کو جن کی کوشش اور ہمت سے بہت سا علمی اور تاریخی کام سرانجام پا رہا ہے چند روز گزرے۔ وہ تین چار مرتبہ غریب خانہ پہ اور کالج تشریف لائے۔ مگر مجھ سے ملاقات نہ ہو سکی۔ دو ایک بار تو سلالہ خانوادۂ نوشاہیہ صاحبزادہ سید شرافت نوشاہی بھی اُن کے ہمراہ تھے۔ جن کی خاندانی عظمت اور تاریخی اہمیت کے پیش نظر میں یہ سمجھتا ہوں کہ اُن کا غریب خانہ پہ آنا میری انتہائی خوش قسمتی تھی۔ ان حضرات کی تشریف آوری کا مقصد "گنج الاسرار" کے لئے پیش لفظ حاصل کرنا تھا۔

حضرت نوشہ گنج بخشؒ مغلیہ دور کے اُن مقتدر مشائخ میں سے تھے۔ جن کی مساعی جمیلہ سے ہزاروں غیر مسلم حلقہ بگوش اسلام ہوئے ان کا تعلق سلسلہ قادریہ سے تھا۔ اور حضرت شاہ سلیمان نوری بھلوالیؒ آپ کے مرشد طریقت تھے۔ شاہجہان کے عہد میں آپ بتاریخ آٹھ ربیع الاول ۱۰۶۴ھ میں فوت ہوئے۔ بمقام ساہن پال شریف (ضلع گجرات) آپ کا مزار زیارت گاہِ خاص و عام ہے۔

پنجاب کے عوام پر سلسلہ قادریہ نوشاہیہ کا بے حد اثر ہے۔ اور جا بجا اس سلسلہ کی خانقاہیں موجود ہیں۔ یہ امر افسوسناک ہے کہ عصر حاضر میں نوشاہیہ سلسلہ عام طور پر بے علم اور یا کم علم دیہاتی عوام کا سلسلہ خیال کیا جاتا ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ اکثر نوشاہی حضرات یا تو بالکل سادہ وضع قطع کے لوگ ہیں اور یا ان کا حلقہ اثر ان پڑھ عوام

تک محدود ہے۔ یہ عمومی تاثر حقیقت حال کے برعکس ہے۔ اسلامی تصوف کے دیگر سلسلوں کی طرح سلسلہ نوشاھیہ بھی ارباب علم وفضل پر مشتمل تھا۔ دور زوال میں جہاں دیگر سلسلوں کے متوسلین جہالت وپسماندگی کا شکار ہوئے وہاں یہ صورت حال نوشاہیوں کو بھی پیش آئی۔ وگرنہ اِس سلسلے کے بزرگ بھی احکام شریعت کی متابعت میں کسی سے پیچھے نہ تھے۔

نوشاہی سلسلہ سے لوگوں کی بیگانگی کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ مشائخ سلسلہ کی تصانیف ابھی تک حلیہ طبع سے آراستہ نہیں ہوئیں۔ اور نہ اُن کی علمی اور روحانی مساعی کا لوگوں کو کما حقہٗ علم ہے۔ خوش قسمتی سے صاحبزادہ سید شرافت نوشاہی کے پاس نوشاہی ادب کا بیش بہا اور نایاب مجموعہ ہے۔ اگر یہ تمام کتابیں چھپ جائیں۔ یا ارباب تاریخ وتحقیق کو اُن سے استفادہ کا موقع ملے تو بہت سے تاریخی حقائق پردہ خفا سے باہر آسکتے ہیں۔ اور ہماری ثقافتی تاریخ کے بہت سے پہلو بے نقاب ہوسکتے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ نوشاہی سلسلہ کی تاریخ بے حد دلچسپ ہونے کے علاوہ بہت سی ضروری معلومات کی حامل ہے۔ اور مشائخ سلسلہ کی علمی، ادبی، روحانی، اور تبلیغی مساعی ہماری قومی تاریخ کا درخشاں باب ہیں۔ اور ان بزرگوں نے جو کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ ان کا منظر عام پر آنا بے حد ضروری ہے۔ چند برس گذرے جناب اللہ رکھا عباسی امرتسری مرحوم کے پاس شیخ پیر کمالی نوشاہی لاہوریؒ کی کتاب "حکایت قدسیہ" کا قلمی نسخہ دیکھا تھا۔ اس کتاب کو معاصر تاریخ اور ثقافت کے مطالعہ کے لئے میں نے بے حد مفید پایا۔ میں چاہتا ہوں کہ اس نوع کی تمام کتب شائع ہو جائیں۔ یہ امر میرے لئے باعث عزت ہے۔ کہ آج حضرت نوشہ گنج بخش قدس سرہٗ کے رسالہ "گنج الاسرار" کا تعارف کررہا ہوں۔

سرزمین پاکستان و ہند پر اسلام کا نیّرِ درخشاں طلوع ہوا۔ تو مسلمان حاکموں تاجروں سیاحوں، عالموں، درویشوں، اور مقامی باشندوں میں تبادلہ خیالات کے لئے۔ ایک مشترکہ زبان کی ضرورت پیش آئی۔ یہ زبان جو ہندو پاکستان اور ترکی، عربی، فارسی وغیرہ بیرونی زبانوں کے امتزاج سے عالم وجود میں آئی۔ اور دورِ اسلامیہ میں پروان چڑھی۔ اُردو کے نام سے موسوم ہوئی۔ حافظ محمود شیرانی کے قول کے مطابق یہ زبان برِکوچک کے اُسی حصّے میں عالم وجود میں آئی۔ جو آج مغربی پاکستان میں شامل ہے۔ ڈاکٹر مولوی عبدالحق مرحوم شاہد ہیں کہ صوفیائے کرام نے اُردو کی نشوونما میں نمایاں حصّہ لیا۔ اور اسے اپنی تبلیغی مساعی کا ذریعہ بنایا۔

پنجاب کے مشائخ میں حضرت نوشہ گنج بخشؒ نے بھی اس مشترکہ زبان میں اظہارِ خیال فرمایا۔ رسالہ گنج الاسرار اسی زبان میں ہے۔ اس رسالہ کا مطالعہ جہاں ہمیں حضرت نوشہ صاحبؒ کے صوفیانہ خیالات سے آگاہ کرتا ہے۔ وہاں ہمیں اُس دور کی اُردو سے بھی متعارف کراتا ہے۔ اس عبارت میں ہندی الفاظ و اصطلاحات کی کثرت ہے۔ اور یہ اصطلاحات وہی ہیں جو اُس زمانہ کے ہندو مذہبی رہنماؤں (جن میں سکھ گورو بھی شامل ہیں) کے ہاں بھی مستعمل تھیں۔ عوام میں پرچار کے لئے ان کا استعمال ناگزیر تھا۔ حضرت نوشہ صاحبؒ جیسے عوامی درویشوں ہی کی مساعی کا نتیجہ ہے کہ مغربی پاکستان کے عوام کی اکثریت حلقۂ اسلام میں آگئی۔ نوشاہی سلسلہ کی یہ تاریخی خدمت کبھی نہیں بھلائی جا سکتی۔ پنجاب میں مغلیہ حکومت کے انتشار اور سکھوں کے عروج کے دور میں لاکھوں مسلمان اور بالخصوص دیہاتی عوام اس سلسلہ کے مشائخ سے وابستگی کے سبب سکھ مذہب قبول کرنے سے محفوظ رہے۔ میں اس

کتابچہ کی اشاعت پر مکرمی شرافت پناہ صاحبزادہ سید شریف احمد کو مبارک باد دیتا ہوں ۔

خدا کرے کہ نوشاہی بزرگوں کی تمام قابل قدر کتابیں زیور طبع سے آراستہ ہو جائیں اس طرف سرکاری اور نیم سرکاری اشاعتی اداروں کو بھی توجہ کرنی چاہیے اور قدیم بزرگوں کی غیر مطبوعہ تصانیف کی اشاعت کا انتظام کرنا چاہئے ۔

محمد شجاع الدین
پروفیسر دیال سنگھ کالج
لاھور

مورخہ ۱۸ فروری ۱۹۶۴ء

مختصر حالات

قطب الاقطاب شیخ الاسلام حضرت سید حاجی محمد نوشہ گنج بخش قادری قدس سرہ العزیز

آپ کے آباؤ اجداد میں سے سید عون قطب شاہ علوی قادری رحمۃ اللہ علیہ چھٹی صدی ہجری کے اوائل میں تبلیغ اسلام کے واسطے بغداد شریف سے ہندوستان میں آئے۔ اور اپنے انفاس متبرکہ کے برکات سے۔ قوم بھٹی۔ وینس۔ منج۔ کھوکھر۔ چوہان وغیرہ راجپوتوں کو حلقہ اسلام میں داخل کیا[1]۔ مراۃ سکندری صفحہ ۲۹۷ میں ہے۔

"صلاح آثار تقوی شعار سید قطب قادری از بغداد آمدہ بودند"

آپ کی ولادت یکم رمضان ۹۵۹ھ بمقام گھگانوالی ضلع گجرات میں ہوئی[2]۔

آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے والد بزرگوار حضرت سید حاجی علاؤالدین حسین علوی رحمۃ اللہ علیہ سے پائی۔ پھر حضرت حافظ قائم الدین قادری رحمۃ اللہ علیہ ساکن جاگو تارڑاں سے چند سے علم حاصل کیا۔ خواب میں ملائکہ کی زیارت ہوئی۔ تو ان کی توجہ سے علم ظاہری و باطنی منکشف ہو گیا[3]۔ چند ماہ میں قرآن مجید حفظ کر لیا[4]۔ آپ کی بیعت طریقت سلسلہ قادریہ میں حضرت سخی شاہ سلیمان نوری بھلوالی رحمۃ اللہ علیہ سے تھی۔ تین ماہ حالت جذب و سکر میں رہے۔ پھر حالت صحو و سلوک میں آگئے۔ ہزاروں مخلوق کو اپنے فیض روحانی سے سیراب کیا[5]۔

---

[1] میزان قطبی۔ انساب الاقوام ۱۲ [2] مناقبات نوشاہیہ از سید عمر بخش رسولنگری رحمۃ اللہ علیہ ۱۲ [3] تذکرہ نوشاہیہ از سید حافظ محمد حیات ربانی رحمۃ اللہ علیہ ۱۲ [4] خزینۃ الاصفیا از مفتی غلام سرور لاہوری رحمۃ اللہ علیہ [5] کنز الرحمت از مولوی محمد اشرف فاروقی رحمۃ اللہ علیہ ۱۲۔

آپ نے اسلامی تبلیغ کو بذاتِ خود۔ اور اپنے خلیفوں کے ذریعہ خوب انجام دیا۔ کشمیر۔ قندھار۔ کابل۔ ہندوستان۔ سندھ۔ وغیرہ میں اپنے خلیفے بھیجے[1]۔ جنہوں نے دن رات کی انتھک کوششوں سے یہ فرائض ادا کئے۔ اور لاکھوں کفار آپ کی سعیِ مبارک سے اسلام کے حلقہ بگوش ہوئے[2]۔

آپ سے سلسلہ نوشاھیہ جاری ہوا[3]۔ آپ کی وفات ہشتم ربیع الاول ۱۰۶۴ھ میں شاہجہان بادشاہ کے عہد میں ہوئی[4]۔ آپ کا روضہ اقدس۔ دریائے چناب کے شمالی کنارہ پر بمقام ساہنپال شریف ضلع گجرات۔ زیارت گاہ خلائق ہے۔ ہر سال ماہ ہاڑ کی دوسری جمعرات کو عرس مبارک ہوتا ہے۔

آپ نے ممالک عرب و عجم کی سیر بھی فرمائی۔ کتاب چہار بہار سے آپ کی مسافرت و سیاحت کا پتہ چلتا ہے۔ مشائخ وقت کی ملاقات سے سرفراز ہوئے۔ لاہور میں شیخ عبدالوہاب متقی قادری شاذلی[5] اور سندھ میں شیخ مہدی عرف میاں ماجھی سہروردی[6] - اور

---

[1] رسالہ الاعجاز۔ از مرزا احمد بیگ لاہوریؒ۔ تحائف قدسیہ از شیخ پیر کمال لاہوریؒ ۱۲۔ [2] خطبات گارساں دتاسی میں ۲ لاکھ کفار کو مسلمان کرنے کا ثبوت ملتا ہے ۱۲۔ [3] مرزا عبدالستار بیگ سہرامی نے تذکرۃ الوصلین میں۔ اور مرزا احمد اختر کیرانوی نے تذکرۃ الفقرا میں۔ اور مولوی قلندر علی لاہوری نے الفقر فخری میں لکھا ہے۔ کہ سلسلہ نوشاھیہ خواجہ فضیل کابلی سے شروع ہوا ہے۔ حالانکہ یہ غلط ہے۔ خواجہ فضیل۔ بانی سلسلہ حضرت نوشہ صاحبؒ کے مرید تھے۔ [4] لطائف گل شاہی سید گل محمد بن سید عصمت اللہ نوشاہیؒ ۱۲۔ روضۃ الزکیہ۔ از سید حافظ الٰہی بخش بن سید نور اللہ نوشاہیؒ ۱۲

[5] ثواقب المناقب از علامہ شیخ محمد ماہ صداقت کنجاہی ۱۲۔ [6] تشریف الفقرا از فقیر سید غلام محی الدین بخاری لاہوری مورث خاندان فقیر صاحبان لاہور۔ سید شرافت

مصر میں شیخ علقادی رح وغیرہ کی ملاقاتیں کیں۔ اور باہمی افادے استفادے ہوئے۔ مصر میں ایک مسجد میں معتکف رہے۔ وہیں حضرت خضر علیہ السلام کی زیارت کا شرف بھی حاصل ہوا[1]۔

سیر و سیاحت کے دوران میں سات مرتبہ حرمین الشریفین کی زیارت اور شرفِ حج سے مشرف ہوئے[2]۔

اولاد آپ کے دو فرزند ارجمند تھے۔

اول :۔ حضرت مولانا سید حافظ محمد برخوردار صاحب بحر العشق زندہ دل رح (متوفی ۵ ذیقعد ۱۰۹۳ھ) جو آپ کے ولیعہد خلافت تھے۔ اور آپ کے بعد انتیس ۲۹ سال تک سجادہ ہدایت پر رونق افروز رہ کر بیشمار مخلوق کو اپنے فیض و رشد سے نوازا[3]۔ آج تک منصب سجادگی آپ کی اولاد امجاد میں چلا آتا ہے۔

دوم :۔ حضرت مولانا سید محمد ہاشم صاحب دریادل رح (متوفی ۲۲ ذی الحجہ ۱۰۹۲ھ) یہ بھی فقہ و حدیث و طب میں یکتائے زمانہ تھے۔ (رحمۃ اللہ علیہ)

تصنیف

حضرت نوشہ صاحب رح نے علم توحید و تصوف اور ارتقائے روحانیت کی جو خدمت

---

[1] چہار بہار۔ مجموعہ ملفوظات حضرت نوشہ صاحب ۱۲ [2] ہفتاد اولیا از شاہ شریف احمد مراد سہروردی رح ۱۲

[3] رسالہ احمد بیگ۔ کنز الرحمت ۱۲ اشرافت۔

کی ہے۔ وہ اہل تاریخ سے پوشیدہ نہیں۔ آپ کی زبان مبارک سے رسائل ذیل موجود ہیں۔

(۱) رسالہ گنج الاسرار۔ ہندی منظوم۔ سالکانِ طریقت کے واسطے اس میں اشغال و اذکار بیان فرمائے ہیں۔ یہ طبع کرا کے نذرِ شائقین کیا گیا ہے۔

(۲) چہار بہار فارسی۔ یہ کتاب متفرق مسودات سے اقتباس کر کے ۱۲۲۹ھ میں شیخ محمد ہاشم المعروف ہاشم شاہ بن حاجی محمد شریف قادری نوشاہی تھرپالوی نے بطور سوال و جواب مرتب کی ہے۔ سائل حضرت شیخ پیر محمد سچیار نوشہروی (متوفی ۱۱۱۹ھ) ہیں۔ اور مجیب حضرت نوشاہِ عالیجاہ ہیں۔ توحید و معرفت کا بے بہا خزانہ ہے۔ اس کا ترجمہ بنام خزائن الاسرار میں نے اُردو میں کر دیا ہے۔

(۳) ذخائر الجواہر فی بصائر الزواہر۔ المعروف ارشادات نوشاہیہ

آپ کے حالات اور واقعات زندگی سے اقتباس کر کے پانچ سو چالیس[1] ارشادات میں نے اردو زبان میں جمع کئے ہیں۔

(۴) کلمات طیبات۔ المعروف ملفوظات نوشاہیہ۔ فارسی۔

تاریخی کتابوں سے انتخاب کر کے آپ کے ایک ہزار کلمات و نصائح کو بترتیب حروف تہجی میں نے اصل عبارت میں مرتب کیا ہے۔

اس کا ترجمہ اُردو زبان میں بنام جواہرات میں نے کر دیا ہے۔ لیکن اس میں حروف تہجی کا التزام نہیں رہا۔

---

[1] اِس تعداد کو میں نے اس لئے ملحوظ رکھا ہے۔ کہ قرآن مجید کے رکوعات پانسو چالیس ہیں۔ ان کی تعداد و شمار کا اتباع ہو جائے ۱۲ شرافت۔

(۵) جواھر مکنون: ۔کتاب چہار بہار کے خاتمہ پر کچھ سوال وجواب اختصاراً لکھے ہیں۔ ان کو میں نے ترجمہ کر دیا ہے۔ یہ ترجمہ ایک بار ماہنامہ نوشاہی لاہور میں چھپ چکا ہے۔ یہ ایک سَو سوال وجواب ہیں ۔

(۶) لطائف الاشارات۔ اس میں آپ کے چالیس ۴۰ ارشادات ہیں جو میں نے اُردو میں لکھے ہیں ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین ۔ والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد والہ واصحابہ اجمعین ۰

بنی نوع انسان کی تخلیق کا اصلی مقصد عبادت اور معرفت الٰہی کا حصول ہے ۔ وماخلقت الجن والانس الا لیعبدون (نہیں پیدا کیا میں نے جنوں اور انسانوں کو مگر اپنی عبادت کرنے کے لئے) اور آفاق و انفس میں اُس کے نشانات کو ملاحظہ کر کے حقیقۃ الحقائق تک رسائی حاصل کرنا ہے ۔ سنریھم ایاتنا فی الافاق وفی انفسھم حتی یتبین لھم انہ الحق (ہم دکھائیں گے ان کو اپنی نشانیاں جہان میں ۔ اور ان کی جانوں میں یہاں تک کہ ان کے لئے حق ظاہر ہو جائے) اور حجابات کثرت کو چاک کر کے وحدت کی طرف رجوع کرنا ہے ۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۔ (ہم اللہ کے لئے ہیں اور اُسی کی طرف پھرنے والے ہیں ۔) اور وہم غیریت کو دُور کر کے احدیت سے لو لگانا ہے ۔ (قل ھو اللہ احد ۔ اللہ الصمد ۔ (کہدو وہ اللہ ایک ہے بے نیاز ہے) اور اپنی فانی ہستی کو مٹا کر ذات باقی سے قائم ہونا ہے ۔ کل من علیھا فان ویبقیٰ وجہ ربک ذوالجلال والاکرام (ہر ایک چیز فنا ہونے والی ہے ۔ صرف ایک ذات عظمت و بزرگی والے کی باقی رہ جائے گی) اور تمام موجودات کو ہلاک و معدوم سمجھتے ہوئے محض ذات بحت کو موجود ماننا ہے ۔ کل شیئ ھالک الا وجھہٗ (سوائے اُس

ایک ذات کے سب چیز ہلاک و معدوم ہے) ؁

انبیائے کرام اور اولیائے عظام اسی مقصد کے لئے دنیا میں تشریف لاتے رہے۔ کہ لوگوں کو ان کی پیدائش کی غرض وغایت سے آگاہ فرمائیں۔ اور خدا تعالیٰ کی طرف رہنمائی کریں۔ اور ان کو ایسے ذرائع بتائیں۔ جن سے وہ اصل الاصول کی طرف راہ پا سکیں۔ ھٰذا صراط علی مستقیم (یہ میرا راستہ سیدھا ہے)

جس طرح لوگوں کی طبائع مختلف ہیں۔ اسی طرح ان کے موصل الی اللہ ہونے کے ذرائع مختلف ہیں۔ والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا (جنہوں نے ہمارے لئے مجاہدے کئے۔ ان کو ہم اپنی طرف کی راستے دکھا دیتے ہیں۔) اس سے راستوں کا بکثرت ہونا پایا جاتا ہے۔ بلکہ صوفیہ کرام نے فرمایا ہے الطرق الی اللہ بعدد انفاس الخلائق (خدا کی طرف اس قدر راستے ہیں۔ جس قدر تمام مخلوقات کے اشخاص ہیں۔ بقول دیگر جسقدر تمام مخلوقات کے سانس ہیں)

منجملہ طرق الی اللہ کے دو راستے اقرب الطرق اور اسہل السبل ہیں ؁

اوّل۔ طریق جذب و اجتبا۔ اللہ یجتبی الیہ من یشاء (اللہ اپنی طرف چن لیتا ہے جس کو چاہتا ہے) اس کو اس طائفہ علیہ کی اصطلاح میں۔ راہ اصطفا۔ اور راہ نا مسلوک بھی کہتے ہیں۔ یہ پیغمبروں، اور محبوبوں و مرادوں کی راہ ہے۔ اس میں ریاضت و مجاہدہ شرط نہیں۔ یہ محض فضل ربی سے حاصل ہوتا ہے۔ ذالک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء (یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہے عطا کرتا ہے) یہ راستہ لاکھوں میں سے کسی کو نصیب ہوتا ہے جیسے غوث الاعظم حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رح اور حضرت شاہ حاجی محمد نوشہ گنج بخش رح وغیرہم ؁

دوم - طریق سلوک = انی ذاھبٌ الیٰ ربی سیھدین (میں اپنے پروردگار کی طرف چل کر جانے والا ہوں وہ میری رہنمائی کرے گا) اس کو راہِ انابت بھی کہتے ہیں۔ یہ عاشقوں، عابدوں، مریدوں کی راہ ہے۔ اس میں توبہ و ریاضت و مجاہدہ شرط ہے۔ اکثر اولیاء اللہ اسی راستے سے واصل باللہ ہوئے ہیں ۔

بہرکیف اولیاء اللہ نے تبلیغی خدمات کو انجام دیتے ہوئے طالبان حق کے لئے ایسے دستور العمل بنائے ہیں جن پر عمل پیرا ہو کر خدا کا وصول حاصل ہو سکے ۔

رسالہ گنج الاسرار[عہ]

اسی مقصد کی اشاعت کے واسطے گیارہویں صدی ہجری کے ایک جلیل القدر رہنما اور اسلامی تصوف کے عظیم القدر مقتدا، سلالہ اہل بیت اطہار، خلاصۂ آل رسول مختار، قطب الاعظم، غوث الانجم، فرزند مرتضےٰ ؓ، جگر گوشہ مصطفےٰ ﷺ، نائب ذات قادریہ، امام سلسلہ نوشاہیہ، شیخ الاسلام حضرت سیّد حافظ شاہ حاجی محمد نوشہ گنج بخش مجدّد اکبر قادری قدس سرہ العزیز نے ایک مختصر رسالہ لکھا۔ جس میں طالبان صادق اور عاشقان واثق کے لئے اذکار و اشغال کے طریقے بیان فرمائے۔ یہ ظاہر ہے کہ حسب ارشاد نبوی من احب شیئاً اکثر ذکرہٗ (جو شخص کسی چیز کی محبت رکھے۔ اس کا ذکر بہت کرتا ہے۔) کثرت ذکر ازدیاد محبت الٰہی کا باعث ہے۔ اور ذکر سے ہی ذاکر اور مذکور کے درمیان سے حجاب اٹھ جاتا ہے۔ اس رسالہ کا نام گنج الاسرار ہے۔

اس میں سلسلہ عالیہ قادریہ کے اذکار و اشغال و عبادت و ریاضت کے مختلف طریقے بیان فرمائے ہیں۔ یہ فطری تقاضا ہے کہ اگر انسان ایک ہی کام کرتا رہے۔ تو اس

عہ اگرچہ یہ نام عربی قواعد کے لحاظ سے صحیح نہیں۔ مگر چونکہ قدیم نسخوں میں اسی طرح لکھا ہے۔ اس لئے اس کو بہ حال رکھا ہے۔ ۱۲ شرافت

کی طبیعت اکتا جاتی ہے ۔دوسرا کام کرنے کو جی چاہتا ہے۔ ایک ہی قسم کی غذا کھائے تو طبیعت دوسری قسم کی غذا طلب کرتی ہے۔ سب کھاتے اس کی عنصری زندگی کے واسطے مفید و لذیذ ہوتے ہیں۔ اسی طرح انسان کی روحانی غذا کے واسطے اس طائفہ کے مجتہدوں نے مختلف قسم کے اذکار و افکار تیار کئے ہیں۔ تاکہ بحکم فاذکروا اللہ قیاماً و قعوداً و علیٰ جنوبہم (اللہ کا ذکر کرو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے ہوئے) طالب ہرایک حالت میں ذکر کر سکے۔ خواہ کوئی ذکر کرے۔ اس کا مقصد فوت نہ ہو۔ اور بحکم کل جدید لذیذ (ہر نئی چیز لذت والی ہوتی ہے) ہرایک ذکر میں نئی لذت پائے اور واذکروا اللہ کثیراً لعلکم تفلحون (اللہ کا ذکر کثرت سے کرو۔ تاکہ فلاح پاؤ) کی تعمیل بخوبی کر سکے۔ اور اس کے عشق حقیقی میں اضافہ ہو۔ اور بحکم فاذکرونی اذکرکم (تم مجھے یاد کرو میں تم کو یاد کرتا ہوں) محبوب لایزال سے وصول کا انعام پاکر منعم علیہ گروہ میں شامل ہو۔ اُولٰئک مع الذین انعم اللہ علیہم من النبیین و الصدیقین والشھداء والصالحین (یہ لوگ ان کے ساتھ ہونگے جن پر اللہ تعالیٰ نے اپنا انعام کیا ہے۔ یعنی پیغمبروں، صدیقوں، شہیدوں اور نیکو کاروں میں) اور دنیا میں پاک زندگی گذرے مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَ هُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً (جو مومن مردوں اور عورتوں سے نیک عمل کرے۔ اس کو ہم پاک زندگی سے زندہ رکھتے ہیں) اور اپنی عمر راہ خدا میں صرف کرکے شہدائے حق میں شمار ہو۔ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۔ (جو خدا کی راہ میں شہید ہوں۔ ان کو مردہ مت کہو۔ بلکہ وہ زندہ ہیں مگر تم سمجھ نہیں سکتے۔) جو شخص اس راہ سے بے خبر رہا۔

فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا (بیشک اس نے بڑا خسارہ پایا) اور جو شخص اس راہ پر چل کر شاہد حقیقی سے واصل ہوا۔ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا (بیشک اس نے بڑی کامیابی حاصل کی)

ہندی زبان اختیار کرنے کی وجہ

حضرت نوشہ صاحبؒ نے اس رسالہ میں ہندی زبان کو اختیار کیا ہے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ عربی اور فارسی میں اذکار و اشغال کی کئی کتابیں مثل دلائل الخیرات تیسیر الشاغلین اور ارشاد الطالبین وغیرہ کے مشائخ عظام نے لکھیں۔ مگر اس ملک کی اصلی مادری زبان کی طرف اکثر بزرگوں نے بہت کم توجہ فرمائی۔ حالانکہ انبیاء علیہم السلام جس ملک میں مبعوث ہوتے رہے۔ اسی ملک کی زبان میں تبلیغ فرماتے رہے تاکہ لوگ اچھی طرح سمجھ سکیں۔ وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ (اور ہم نے کوئی پیغمبر نہیں بھیجا مگر قوم کی زبان پر تاکہ ان کو خوب سمجھا سکے) اس لئے ضرورت تھی کہ اس دیار کے طالبانِ حق کو ان کی زبان میں طریقہ سلوک و تصوف سمجھایا جائے۔ چنانچہ بعض اولیاء اللہ نے اس مقصد کو مدِّنظر رکھ کر ہندی زبان میں ترویج طریقہ سلوک کی سعی فرمائی۔ اور اسلامی احکام و نصائح و ہدایات کو ان کی زبان میں سمجھانے کی کوشش کی۔ مثلاً

(۱) خواجہ فریدالدین مسعود گنج شکر اجودھنی رح (متوفی ۶۶۴ھ)

(۲) امیر خسرو دہلوی رح (متوفی ۷۲۵ھ)

(۳) شاہ میراں جی شمس العشاق رح (متوفی ۹۰۲ھ مولف رسالہ خوش نامہ خوش نغز)

(۴) شیخ بہاوالدین باجن رح (متوفی ۹۱۲ھ)
(۵) قاضی محمود گجراتی رح (متوفی ۹۲۰ھ)
(۶) شیخ عبدالقدوس گنگوہی رح المتخلص بہ الکھ داس (متوفی ۹۴۵ھ)
(۷) بابا نانک رح (متوفی ۹۵۳ھ) مصنف جپ جی)

ایسا ہی حضور پرنور رح نے یہ رسالہ گنج الاسرار ہندی زبان میں لکھا۔ بلکہ آپ کے معاصرین میں سے کئی بزرگوں نے اس زبان کو اپنی طبع کا جولانگاہ بنایا۔ اور تصوف، ادب، فقہ میں بہت کچھ تحریر کیا۔ چنانچہ

(۱) شاہ علی جی گام دھنی گجراتی رح (متوفی ۱۴ رجمادی الاول ۹۷۳ھ)
(۲) شاہ خوب محمد چشتی رح۔ مصنف مثنوی خوب ترنگ سال تصنیف ۹۸۶ھ)
(۳) شیخ برہان الدین خانم رح (متوفی ۹۹۰ھ)
(۴) شیخ حسین قادری لاہوری رح (متوفی ۱۰۰۸ھ) مصنف کافی ہا)
(۵) محمد قلی قطب شاہ رح (متوفی ۱۰۲۰ھ)
(۶) شیخ پیر محمد سلون رح (متوفی ۱۰۴۷ھ)
(۷) مولوی عبداللہ۔ المتخلص بہ عبدی ابن محمد۔ مصنف کتب فقہ حنفی الواع وغیرہ۔
(۸) شیخ عثمان بن شیخ حسن۔ مصنف کتاب فقہ چتراولی۔
(۹) شیخ بہاوالدین برناوی خاتم التارکین رح وغیرہ

آپ کے بعد تو کئی صوفیوں نے اس مسلک کو اختیار کیا اور اس زبان میں اسلامی تبلیغی خدمات انجام دیں۔ ان میں سے حضرات ذیل زیادہ تر مشہور و معروف ہیں۔

(۱) شیخ جنید مورانی چشتی رح (متوفی ۱۰۷۸ھ)

(۲) قاضی خوشی محمد نوشاہی مفتی کنجاہ (متوفی ۱۰۸۸ھ)
(۳) میراں سید محمد سعید المعروف شاہ بھیکھ چشتی صابری رح (متوفی ۱۱۳۱ھ)
(۴) محمد شاہ بادشاہ دہلی رح (متوفی ۱۱۶۱ھ) مصنف باراں ماہ
(۵) میر سید بلھے شاہ قادری شطاری قصوری رح (متوفی ۱۱۷۱ھ) مصنف کافی ہا
(۶) سید غلام قادر شاہ قادری بٹالوی رح (متوفی ۵ ربیع الثانی ۱۱۷۶ھ مصنف رمز العشق۔
(۷) قاضی علی حیدر چشتی نظامی رح (متوفی ۱۱۹۱ھ) مصنف ابیات۔
(۸) مولانا شیخ فقیر اللہ نوشاہی برقندازی بکیریانی رح مصنف مثنوی سر مکنون سال تصنیف ۱۳۰۳ھ۔

رسالہ کے اسماء میں اختلاف

اِس رسالہ کے ناموں میں بہت اختلاف پایا جاتا ہے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ حضور نے اس کا خود کوئی نام تجویز نہیں کیا۔ محض سالکوں کے لئے ایک دستور العمل بیان کر کے رسالہ کو ختم کر دیا۔ متاخرین صوفیوں میں سے جن بزرگوں نے اس کو پڑھا۔ اس کے مضامین کی مناسبت سے خود ہی کوئی نام رکھ دیا۔ جن بزرگوں نے اپنی کتابوں میں یہ اشعار لکھے ہیں۔ اور جو کچھ ان کا نام درج کیا ہے۔ وہ تاریخوار یہاں لکھا جاتا ہے۔

(۱) بیان اشغال :- کتاب لطائف گل شاہی۔ از سید گل محمد بن سید شاہ عصمت اللہ برخورداری ساہنپالوی رح (متوفی ۱۱۷۶ھ) سال تصنیف ۱۱۵۰ھ

اس میں اٹھارہ اشعار ہیں۔

(۲) گنج الاسرار :- کلید گنج الاسرار۔ از خلیفہ محمد ابراہیم نوشاہی برقندازی جالندہری۔
سال تصنیف ۱۲۷۴ھ

گنج الاسرار :- شرح انوار العاشقین - از سید غلام نبی بن سید وارث علیشاہ
نوشاہی برقندازی جالندہری۔

(۳) رمز العشق :- نسخہ مکتوبہ مولوی علم الدین ساکن چک بہلول ضلع گوجرانوالہ
سال کتابت ۱۲۸۰ھ اس میں ۵۷ اشعار ہیں۔

(۴) گیان لہر :- آب حیاتی از سید عمر بخش برخورداری رسول نگری (متوفی
۱۳۱۱ھ) سال تصنیف ۱۲۸۰ھ

گیان لہر بخشیش گدا - از سید عمر بخش مذکور۔

گیان لہر کشکول نوشاہیہ - از سائیں منظر محمد عباسی ساکن نہرانوالہ۔
ضلع منٹگمری - سال تصنیف ۱۳۵۰ھ اس میں ۴۴ اشعار ہیں۔

(۵) رمز العباد :- قرابادین چشتی - از مولوی خواجہ علم الدین طالب چشتی
نظامی گڑھ شنکریؒ۔

رمز العباد :- زمزمہ نوشاہی - از قاضی غلام جیلانی قادری ساکن ڈڈوہ۔
سال تصنیف ۱۳۳۵ھ۔ اس میں ۸۷ اشعار ہیں۔

رمز العباد :- گلزار نوشاہی - از مولوی محمد حیات قادری نوشاہی شرقپوری
سال تصنیف ۱۳۴۴ھ۔ اس میں ۴۲ اشعار ہیں۔

(۶) واحد نامہ :- مجموعہ وظائف قادری نوشاہی - از سائیں فتح علیخاں

نوشاہی ۔ساکن راولپنڈی ۔سال طباعت ۱۳۳۳ھ ۔اس میں ۱۳۶ اشعار ہیں ۔

(۷) کلام الملوک :۔ سبیل سلسبیل ۔از مولوی مقبول محمد نوشاہی مجددی جلالوی ؒ۔
سال تصنیف ۱۳۴۲ھ ۔اس میں ۱۲۹ اشعار ہیں ۔

ان کے سوا بعض تحریرات میں اس رسالہ کا نام ۔وحدت نامہ ۔بیان تصوف نسخہ طریقت ۔ راہ سلوک بھی پایا جاتا ہے ۔مگر نفس مضمون سب کا یہی اشعار ہیں ۔
یہ اسماء کا اختلاف کچھ مضر نہیں ۔بلکہ کثرت اسماء فضیلت مسمی پر ولالت کرتا ہے جیسے قرآن مجید اور سورۂ فاتحہ کے اسماء و القاب احادیث میں بکثرت بیان ہوئے ہیں ۔جو اُن کی فضیلت کا ثبوت ہیں ۔

رسالہ کا صحت انتساب

جو کتابیں حضرت نوشہ صاحب ؒ کے حالات اور مقامات میں مورخین نے لکھی ہیں ۔جیسے

(۱) مقامات حاجی بادشاہ :۔ المعروف رسالۃ الاعجاز ۔ازمرزا احمد بیگ لاہوری ؒ سال تصنیف ۱۱۰۷ھ

(۲) ثواقب المناقب :۔ از علامہ شیخ محمد ماہ صداقت کنجاہی ؒ سال تصنیف ۱۱۲۷ھ

(۳) تذکرہ نوشاہیہ :۔ از مولانا سید حافظ محمد حیات ربانی نوشاہی ساہنپالوی ؒ
سال تصنیف ۱۱۴۶ھ

(۴) تحایف قدسیہ :۔ از شیخ پیر کمال لاہوری ؒ سال تصنیف ۱۱۸۶ھ

(۵) کنزالرحمت :۔ از مولانا حکیم محمد اشرف فاروقی مہری ؒ سال تصنیف

۱۲۲۰ھ وغیرہ۔

ان میں آپ کی کسی تصنیف کا ذکر نہیں کیا۔ اس لئے عام خیال ہو سکتا ہے کہ آپ کی کوئی تصنیف نہ ہو گی۔ لیکن یہ ضروری نہیں کہ ہر ایک تذکرہ نگار سیرت کے ہر پہلو پر کچھ لکھے۔ کسی چیز کا عدم ذکر اسکے عدم وجود کا مستلزم نہیں۔ چنانچہ ان کتابوں میں آپ کے ارشادات و ملفوظات کا بھی کوئی عنوان نظر نہیں آتا۔ تو کیا اس سے خیال کیا جا سکتا ہے۔ کہ کبھی آپ نے کچھ ارشاد نہ فرمایا ہو گا۔ حالانکہ شیخ ہاشم شاہ بن شیخ حاجی محمد شریف تھرپالوی نے ۱۲۰۹ھ میں ملفوظات نوشاہ عالیجاہؒ پر ایک مستقل کتاب بنام چہار بہار فارسی میں لکھی۔ اسی طرح آپ کی تصانیف کا حال ہے۔

میں کہتا ہوں کہ کسی کتاب کا کسی کی تصنیف سے ہونا دو۲ وجہ سے ثابت ہو سکتا ہے۔

(۱) اول یہ کہ مصنف خود دعوے کرے۔ کہ یہ میری تصنیف ہے

(۲) دوم یہ کہ اکابر اہل علم و تحقیق اس کو کسی کی طرف منسوب کریں۔ رسالہ گنج الاسرار دونو وجہ سے آپ کا کلام ثابت ہوتا ہے۔

(۱)

خود حضور انور۔ رسالہ کے خاتمہ پر اپنا نام اس طرح لکھتے ہیں۔

ے یہ سالک عابد کے کام نوشہ ظاہر کئے تمام

(۲)

اکابر صوفیائے کرام عموماً۔ اور خاندان قادریہ نوشاہیہ کے بزرگ خصوصاً

بتواتر اس رسالہ کو حضرت نوشہ صاحبؒ سے منسوب کرتے آئے ہیں۔
اور اپنی کتابوں میں اس کے حوالے دیتے آئے ہیں۔ چنانچہ چند ایک کے نام لکھے
جاتے ہیں۔

(۱) حضرت سید بہادر شاہ قادری رح نے کتاب مجمع الاسرار (سال تصنیف
۱۲۲۹ھ) میں لکھا ہے۔

"قول حاجی نوشہ گنج بخش قدس سرہ

اللہ اللہ اتنا کہو ☆ اللہ رہے اور آپ نہ ہو

(۲) حضرت خلیفہ محمد ابراہیم انصاری قادری نوشاہی برقندازی جالندھری رح
نے کتاب کلید گنج الاسرار میں اس کو حضور کی تصنیف بیان کیا ہے۔

(۳) حضرت سید عمر بخش نوشاہی برخورداری رسولنگری رح نے کتاب آب حیاتی میں
لکھا ہے۔

"حضرت پیر نوشاہ صاحب میفرمائید ۔

نوشہ صاحب ایوں فرمایا گیان لہر کتابے آیا!
۱۰۱۸ ۱۱۹ ساڈھے من سون اُسدم سب کچھ چھاڈے
ایسی ضرب اللہ کی لاوے جو خطرہ ہے سب جھڑ جاوے
اَللہ اللہ اتنا کہے آپ نہ رہے تے اللہ رہے"

(۴) حضرت مصنف موصوف نے کتاب بخشش گدا میں لکھا ہے۔

"حضرت نوشہ صاحب رح۔ حضرت پاک رحمان و حضرت سچیار صاحب و
حضرت سید محمد صالح راہم مجلس را فرمودند در تصنیف کتاب گیان لہر۔

؎ لا الہ الا اللہ ساوے — من سوں اُسدم سب کچھ چھاڑے
ایسی ضرب اللہ کی لاوے — جو خطرہ ہے سب جھڑ جاوے
اللہ اللہ اتنا کہے — آپ نہ رہے تے اللہ رہے
ایسا راز اللہ کو کہے — آپ بیچ سوں جاتا رہے"

(۵) حضرت مولانا سید غلام نبی قادری نوشاہی برقندازی جالندہری رح شرح انوار العاشقین ص۳۴ پر لکھتے ہیں ۔

"حضرت جناب پیر و مُرشد نوشہ گنج بخش قدس سرہٗ اپنے رسالہ گنج الاسرار میں فقط نفی و اثبات کو تین ہزار یا ایکہزار فرمایا ہے ۔"

(۶) سید صاحب موصوف آگے پھر لکھتے ہیں ۔

"شغل کثیر الاسرار حضرت پیر و مرشد دین و دنیا حضرت نوشہ گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ اپنی گنج الاسرار میں ارشاد فرماتے ہیں ؎

تیسو کلمہ چودان حرف — جیوں سورج پگلاوے برف

(۷) اس کے بعد آپ فرماتے ہیں ؎

" اللہ اللہ ایسا کہے — آپ بیچ سوں جاتا رہے"

(۸) مولوی خواجہ عمر الدین طالب چشتی نظامی گلھڑ شنکری رح نے کتاب قرابادین چشتی بیں کاد کثیر الاسرار کے ضمن میں لکھا ہے ۔

"حضرت حاجی نوشہ گنج بخش قادری رحمۃ اللہ علیہ ازیں شغل اشارہ در رسالہ خود رہنز العباد فرمودہ ؎

تیس کلمے اور چودان حرف — جیوں سورج پگلاوے برف"

(۹) مولوی محمد اعظم قادری نوشاہی برقندازی میروالی نے کتاب مصباح نورانی میں لکھا ہے۔

"حضرت سید الاولیا۔ اصفی الاصفیا۔ پیر نوشہ گنج بخش صاحب قدس سرہٗ فرماتے ہیں"۔

؎ یہ تپ ساڈھے تھوڑا تھوڑا تب دوڑا دے عرش پر گھوڑا"

(۱۰) مولوی صاحب موصوف نے کتاب العصیدۃ الیوسفیہ لقاری القصیدۃ الغوثیہ میں لکھا ہے۔

"امام العاشقین، قطب الواصلین حضرت نوشہ گنج بخش رحمتہ اللہ علیہ۔ اُنس باللہ اور وحشت عن الغیر یعنی بقا حاصل کرنے کا طریق یوں فرماتے ہیں۔

؎ اللہ اللہ اتنا کہے آپ نہ رہے اور اللہ رہے

(۱۱) اس رسالہ کے ایک قلمی نسخہ پر کاتب کا دستخط ان اشعار میں ہے۔

؎

"رمز العشق رسالہ جان حضرت نوشہ کیا بیان!
جو کو پڑھسی ایہ رسالہ دین دنی وچ ہووے سوکھالہ
لکھن والا فقیر غلام علم الدین ہے اس کا نام
میرا پیر ہے حسن غلام عرض میری پہنچے صبح شام

تمام شد رسالہ رمز العشق از حضرت نوشہ گنج بخش با تمام رسید۔ بدست خط فقیر علم الدین ولد میاں کرم دین موضع چک بہلول (۱۲۸۰ھ)"

ان کے علاوہ بھی مختلف تحریریں ہیں اس رسالہ کو حضرت نوشہ صاحب کا

کلام لکھا ہے۔

رسالہ کے اشعار کی تعداد میں اختلاف

رسالہ ہذا کے اشعار کی تعداد میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے جیسا کہ اس سے پہلے اختلاف اسماء کے ضمن میں بیان ہو چکا ہے۔ یہ اختلاف اضطراب فی المتن کی قسم سے نہیں بلکہ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ کسی کو مکمل نسخہ نہیں ملا۔ بزرگوں کی زبان سے جسقدر اشعار کسی کو دستیاب ہوئے۔ وہ تبرکاً اپنی اپنی کتابوں میں درج کر دیئے۔ اور اس کا مضمون کے لحاظ سے کوئی نام رکھ دیا۔

رسالہ کی شروح

(۱) حضرت خلیفہ محمد ابراہیم بن خان جہاں انصاری قادری نوشاہی برقندازی جالندھری رح نے ۱۲۷۶ھ بنام کلید گنج الاسرار فارسی زبان میں اس کی بہت عمدہ شرح لکھی۔ اشغال و اوراد کی وضاحت۔ اور حقائق و معارف کا بیان نہایت پسندیدہ ہے۔ وجہ تالیف یہ لکھتے ہیں کہ میرے پیر روشن ضمیر حافظ عبدالوہاب نوشاہی رح مجھ کو فرماتے تھے۔ کہ رسالہ گنج الاسرار کی شرح لکھو۔ میں اپنی بے بضاعتی علم کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کو ٹال دیتا تھا۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ میں حضرت شاہ عبدالغفور جالندہری رح کے روضہ میں حاضر ہوا ہوں۔ وہاں حضرت نوشہ گنج بخش رح تشریف فرما ہیں۔ میری طرف اشارہ کر کے فرماتے ہیں۔

ے جو فرماوے تجھ کوں پیر — اس پر چلیں تو ہو فقیر

چنانچہ میں نے حضور کے ارشاد کے مطابق یہ شرح لکھدی۔

۲- اس رسالہ کے ایک شعر کی شرح مولانا سید غلام نبی برقندازی جالندھری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب شرح انوار العاشقین میں عمدہ لکھی ہے۔

اُسی شرح کو مولوی خواجہ عمر الدین چشتی گڑھ شنکری رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب قرابادین چشتی میں کماد کثیر الاسرار کے ضمن میں نقل کیا ہے۔

۳- حاجی آغا میر احمد صدیقی قادری نوشاہی پشاوری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی میری فرمائیش پر اسکے چند اشعار کی شرح لکھی تھی۔ لیکن اس کو مکمل نہ کر سکے تھے کہ وفات ہو گئی۔

۴- سائیں خضر محمد نوشاہی ساکن نہرانوالہ ضلع منٹگمری نے کشکول نوشاہیہ میں رسالہ کے بعض اشعار کی توضیح کرنے کی کوشش کی ہے۔ لیکن وہ چنداں صحیح اور مفید نہیں۔

رسالہ کی تکمیل و ترتیب

میں نے نہایت جستجو کے ساتھ خاندان کی کتابوں کا مطالعہ کیا۔ اور بزرگان نوشاہیہ کے قلمی بیاضوں کو ملاحظہ کیا۔ اور کافی تلاش و جستجو سے ان سب اشعار کو متفرق تحریروں سے جمع کر کے یہ جامع اور مکمل نسخہ گنج الاسرار مرتب کیا ہے۔ اس کا ماخذ یہ نسخے ہیں۔ حروف ابجدی سے اُن کے اشارے مقرر کر دیئے ہیں۔

الف ۔ لطائف گل شاہی ۔

ب ۔ نسخہ مکتوبہ مولوی علم الدین بہلولی رح ۔

ج ۔ زمزمہ نوشاہی ۔

د ۔ مجموعہ وظائف قادری نوشاہی ۔

ھ ۔ سبیل سلسبیل ۔

و ۔ گلزار نوشاہی ۔

ز ۔ کشکول نوشاہیہ ۔

ان میں سے میں نے نسخہ الف اور ج کو اصل قرار دیا ہے ۔ اور باقی سب نسخوں کے اختلاف حروف اشارہ کے ساتھ حاشیہ پر درج کر دیئے ہیں ۔ ان کے علاوہ اگر کسی کتاب یا مخطوطہ سے کوئی اختلاف لکھا ہے ۔ تو اس کتاب کا اصل نام لکھ دیا ہے ۔ تاکہ مطالعہ کرنے والوں کو سب نسخوں کے الفاظ سے آگاہی ہو جائے ۔

بعض مشکل الفاظ کے ترجمے بھی حاشیہ پر دے دیئے ہیں ۔

رسالہ کے اختتام پر فارسی کے دو شعر جو آپ کی زبان سے ہیں ۔ وہ بھی بمعہ ترجمہ لکھ دیئے ہیں ۔ خداوند کریم مجھ ناچیز کو قیامت کے روز بزرگانِ دین کے ظل عاطفت میں جگہ دے ۔

یا رب بہ نبی شافع یوم نشور   یا رب بولی و قطب سرچشمہ نور

چوں سایۂ من خاک نشین را گرداں   زیرِ علمِ حاجیِ نوشہ محشور

ساہنپال شریف ۔ ضلع گجرات
سوموار ۔ ۲۴ر صفر ۱۳۸۳ھ

سید شرافت نوشاہی
عفا اللہ عنہٗ

ف :۔ میں اپنے محترم دوست جناب حکیم محمد موسےٰ امرتسری کا نہایت ممنون ہوں ۔ جنہوں نے کتابیں مہیا کرنے ۔ اور اس کی تصحیح میں میری کافی امداد فرمائی ہے ۔ جزاہ اللہ عنا خیر الجزاء

شرافت
۱ر ذلحجہ ۱۳۸۳ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گنج الاسرار

جس ذات کا اللہ ناؤں | اس کا تجھے بتاؤں تھاؤں
کم ایک سے تین ہزار | اتنے نام دھرے کرتار
اتنے ہووں جس کے ناؤں | کیونکر چھپتا اس کا تھاؤں
ظاہر دسے عالم کچا | کیونکر چھپتا صاحب سچا
حق ہے باقی عالم فانی | فانی کی ناں رہی نشانی
وحدت نوں توں کر تحقیق | اس کوں من سوں کر تصدیق
ایس مکان کوں پہنچن مشکل | سخت راہ ہے دور ہے منزل
بہت ریاضت محنت طاعت | دل حاضر راکھے ہر ساعت
فضل خدا کا اَر توفیق | جب سالک کوں ہووے رفیق
تب پہنچے اس راہ سعادت | علم موافق کرے عبادت
طاعت اوہ جو پیر فرماوے | اپنا کیا کچھ کام نہ آوے

لہ یہ مصرعہ اس طرح ہے۔ اوسے دسے ہیں سارے تھاؤں ۱۲
عہ نام ۱۲ عہ جگہ ۱۲ عہ خداوند تعالےٰ للعہ دل ۱۲۔

دارو وہ جو دیوے حکیم — آپ دارو کیا کرے سقیم
کلام خدا کی دارو کھاناں — جس جاناں برحق کر ماناں
جو اذکار افکار افعال — جو اوراد وظائف اعمال
جو حروف کلمات عظام — جو آیات اسمار کرام
جو آویں بندیوں کے کام — دین دُنیا میں ہوویں تمام
سب قرآن مجید میں آئے — حق تعالےٰ نے آپ فرمائے
توں کیا جانیں میرے کام — کون آیت اَز کون ہر نام
کون شغل اَز کونسا ذکر — کونسا عمل اَز کونسا فِکر
توں اَزرھلا تجھ کوں کیا سُوجھے — بھلے بُرے کوں توں کیا بُوجھے
سرِ ہُویت خوب پچھان — یہ نکتہ توں دل سیں مان
جے چاہیں بے رنگی بھیکھ — ستگور کا توں چہرہ دیکھ
جو فرما دے تجھ کوں پیر — اُس پر چلیں تو ہو فقیر
محض خدا رسول کی خاطر — یہ نسخہ میں کیتا ساطر

ا د، نر، تو ۱۲ ۲ ب - تجھ ۱۲ ۳ ب، د، و
نر، کو ۱۲ ۴ ب، و، نر، کو ۱۲ د، کی ۱۲ ۵ ب، نر، تو ۱۲ ۶ ھ، بضوں رنگین ۱۲ -
۷ ب، ھ، د ۱۲ ۸ ب، تجھ ۱۲ ۹ ب، د، ھ، و، نر، کو ۱۲ ۱۰ ھ یہ مصرعہ اسطرح ہے
اکیس نہ کر کچھ تقصیر ۱۲ ۱۱ ب، تاں ہوویں ۱۲ د، ہوئیں ۱۲ نر، ہوویں ۱۲ ۱۲ ھ، دی ۱۲ ۱۳ ب، ھ
و، ایہ ۱۲ ۱۴ ب، نکتہ ۱۲ ۱۵ د، کیا ۱۲ نر، کیا ہے ۱۲ ۱۶ ب، ظاہر ۱۲ د، عاطر ۱۲ و، نر ستاطر ۱۲ -
عہ بیاد ۱۲ عہ اسمائے الٰہی ۱۲ - سہ تجلی نور ذات ۱۲ سہ مرشد کامل ۱۲ -

جس پر چاہئے تجھ کوں رہنا　　　وہ ضرور ہویا اب کہنا

ادھی رات اُٹھ بیٹھے سالک　　　چار کونٹ کا ہووے مالک

پچھے اس کے سمجھ سیانے　　　سلاح مومن کا وضو بچھالے

کرے تہجد نال نیاز　　　دل حاضر از جان گداز

